نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731,99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ کی زیر صدارت زراعت ہاؤس لاہور میں گندم کی آئندہ فصل کی پیداواری حکمت عملی کا جائزہ لینے کے لئے اجلاس کا انعقاد۔

گندم کی آئندہ فصل کے لئے معیاری زرعی مداخل کی دستیابی یقینی بنائی جائے۔سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ

لاہور 28 ستمبر 2022: گندم کی آئندہ فصل کے پیداواری اہداف کو یقینی بنانے کے لئے مارکیٹ میں معیاری زرعی مداخل کی دستیابی یقینی بنائی جائے اور کاشتکاروں کو بوائی کے موقع پر فیلڈ سٹاف جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے متعلق آگاہی فراہم کی جائے ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ نے زراعت ہاؤس لاہور میں گندم کی آئندہ فصل سے متعلق مشاورتی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے زیادہ گندم اُگاؤ مہم کی مانیٹرنگ اور پلاننگ کے لئے ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) کی سربراہی میں سب کمیٹی قائم کرنے کی منظوری دیتے ہوئے کہا کہ آئندہ سال گندم کی زیادہ پیداوار ملکی فوڈ سیکیورٹی کے لئے نہایت اہم ہے کیونکہ پنجاب گندم کی قریباً 75 فیصد ملکی پیداوار والا صوبہ ہے اور امسال دوسرے صوبوں میں سیلاب کی صورتحال کے بعد گندم کی کاشت میں کمی کا امکان ہوسکتا ہے اس لئے ہمارے کاشتکاروں کو زیادہ آگاہی دینے کی ضرورت ہے تاکہ وہ گندم کی کاشت ایک قومی جذبے کے تحت کریں۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ زیادہ گندم اُگاؤ مہم کی نگرانی وہ خود کریں گے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔سیکرٹری زراعت نے ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) کو گندم بوائی مہم میں میڈیا وینز کے ذریعے کاشتکاروں کو گندم کی محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام کے متعلق آگاہی فراہم کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت نے زیادہ سے زیادہ رقبہ پر گندم کی آئندہ فصل کے لئے منظور شدہ اقسام کے بیج کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی۔اجلاس میں اسپشل سیکرٹری زراعت (مارکیٹنگ) وقار حسین، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ رانا فقیر احمد، مینجنگ، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات محمد رفیق اختر، ڈائریکٹر کراپ رپورٹنگ عبدالقیوم، سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆